نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام ضلع سرگودھا میں دو روزہ ایگریکلچر شو2022" کا انعقاد27فروری کو کیا جائے گا

ایگریکلچر شو2022 میں پاکستانی پھلوں، سبزیوں اوران سے بنی مصنوعات کو پیش کیا جائے گا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور**20 فروری2022**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام دو روزہ "ایگریکلچر شو2022" کا انعقاد ضلع سرگودھا میں کیا جا رہا ہے جس میں پاکستانی پھلوں، سبزیوں اوران سے بنی مصنوعات کو اجاگر کیا جائے گا۔اس ضمن میں 27اور28 فروری کو سٹالز یونیورسٹی آف سرگودھا میں لگائے جائیں گے۔ترجمان نے بتایا کہ محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام پہلی مرتبہ ضلع سرگودھا میں ایگریکلچر شو2022 کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کا مقصد باغبانوں اور ہارٹیکلچر کے شعبے سے وابستہ لوگوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے جس سے نہ صرف ہارٹیکلچر کے شعبے سے وابستہ افراد پھلوں کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں گے بلکہ اس سے انہیں پھلوں ،سبزیوں اوران سے بنی مصنوعات کی نئی منڈیاں ملنے کا امکان بھی ہوگا۔ایگریکلچر شو2022 کے انعقاد کے حوالے سے ہارٹیکلچر کے شعبے سے وابستہ ملکی صنعتکاروں، امپورٹرز، ایکسپورٹرز اور کاشتکاروں نے غیر معمولی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔اس دو روزہ ایگریکلچر شو کا28 فروری کو اختتام ہوگا

☆☆☆☆